# جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی میں فارم ڈی کا داخلہ ٹیسٹ

تقریبا 1700 امیدواروں نے جمعے کوجناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی میں منعقدہ فارم ڈی کے داخلہ ٹیسٹ میں شرکت کی۔ڈائریکٹر ایڈمشن نعمان احسن نے بتایا کہ 38 ٹیسٹ سینٹرز کی نگرانی کے لیے 160 ممتحن اور نگران ٹیمیں مصروف کار تھیں۔گھنٹہ بھر طویل داخلہ ٹیسٹ دوپہر 3.30 شروع ہوا۔ طلباء و طالبات کے ساتھ آنے والوں کی ایک بڑی تعداد یونیورسٹی کے باہر موجود تھی جن کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے۔وائس چانسلر پروفیسر سید محمد طارق رفیع نے ٹیسٹ کے دوران ہر کمرے کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا

کیپشن۔جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی میں منعقدہ فارم ڈی کے داخلہ ٹیسٹ کے دوران وائس چانسلر پروفیسر سید محمد طارق رفیع، ڈائریکٹر ایڈمشن نعمان احسن اور قاضی شبیر کے ہمراہ امتحان گاہ کا معائنہ کر رہے ہیں۔